Darul Iftaa
Madrasah Ariful Uloom
ST-11,Metrovil-3,Block"1" Scheme "33"Gulzar-e-Hijri Karachi
www.arifuluIoom.com arifululoom1990@gmail.com
www.facebook.com/madarsarifuloom Contact No 0322-6444659 0333-6444659
MADARSA ARIF UL ULOOM
دارالافتاء
مدرسہ عارف العلوم رجسٹرڈ کراتشی پاکستان
ایس ٹی۔۱۱ میٹروول ۳ اسکیم ۳۳ گلزار ہجری کراچی
رابطہ نمبر 0322-6444659 0333-6444659

سؤال: کسی انسان نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی اور تین ماہواری گذر گی اور اس نے رجوع بھی نہیں کیا تو اب شریعت کا کیا حکم ہے میاں بیوی کے بارے میں؟

الجواب حامداو مصلیاو مسلما

اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی اور عدت میں رجوع بھی نہیں کیا تو عدت گذرنے کے بعد بیوی بائنہ ہو گی، اب رجوع نہیں ہو سکتا، پہلے شوہر کے ساتھ رہنے کے لئے نکاح جدید، نئے مہر اور گواہوں کے ساتھ کرنا ضروری ہے، پہلے شوہر کے ساتھ نکاح جدید کے بعد شوہر اول کو دو طلاقوں کا اختیار باقی رہے گا۔ نیز مطلقہ بیوی دوسری جگہ نکاح کرنے میں بھی آزاد ہو گی۔

بدائع الصنائع میں ہے:

فإن طلقها ولم يراجعها بل تركها حتى انقضت عدتها بانت

(کتاب الطلاق، فصل فی بیان حکم الطلاق 3/180 ط دار الکتب العلمیۃ)

فتاوی ہندیہ میں ہے:

إِذَا كَانَ الطَّلَاقُ بَائِنًا دُونَ الثَّلَاثِ فَلَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا فِي الْعِدَّةِ وَبَعْدَ انْقِضَائِهَا

(کتاب الطلاق، الباب السادس فی الرجعۃ 1/472 ط رشیدیہ)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب

دارالافتاء مدرسہ عارف العلوم کراچی

11 جمادی الثانیہ 1447ھ / 3 دسمبر 2025ء

فتویٰ نمبر:503

دارالافتاء
مدرسہ عارف العلوم (ٹرسٹ)
ایس ٹی ۱۱، میٹروول ۳، اسکیم ۳۳
گلشن اقبال، کراچی